## حیدری مارکیٹ بوہری محلے میں بم دھماکے کھلی دہشت گردی ہے، جناب الطاف حسین

## بوہری محلے میں بم دھماکوں کا فی الفور نوٹس لیا جائے اور واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے

## جناب الطاف حسین کا بم دھماکوں میں شہید ہونیوالے افراد کے سوگوار اہلخانہ سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار

لندن:۔۔۔18 ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے نارتھ ناظم آباد کراچی میں واقع حیدری مارکیٹ بوہری محلے میں بم دھماکوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس کے نتیجے میں متعدد افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور واقعہ کو کھلی دہشت گردی قرار دیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ حیدری مارکیٹ بم دھماکے کھلی بربریت ہیں اور دہشت گرد عناصر شہر میں غیر یقینی کی صورتحال پیدا کر کے ملک میں انتشار پیدا کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بم دھماکوں میں ملوث دہشت گرد عناصر ملک دشمن ہیں جنہیں شہر کا امن ایک آنکھ نہیں بھا رہا ہے یہی وجہ ہے کہ دہشت گردی کے ذریعے شہر کے امن کو سبوتاژ کر رہے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے بم دھماکوں میں شہید ہونیوالے افراد کے سوگوار اہلخانہ سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی مغفرت اور درجات کی بلندی سمیت زخمیوں کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعا بھی کی۔ جناب الطاف حسین نے صدرِ مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم راجہ پرویز اشرف، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ حیدری مارکیٹ بوہری محلے میں بم دھماکوں کا فی الفور نوٹس لیا جائے اور واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کر کے انہیں عبرتناک سزا دی جائے شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔

## دہشت گرد عناصر ملک خصوصاً کراچی میں دہشت گردی کی بڑی کارروائیاں کرنا چاہتے ہیں۔الطاف حسین

## اپنے بازاروں، مارکیٹوں اور علاقوں میں ہنگامی بنیادوں پر چوکیداری سسٹم نافذ کریں۔قائد تحریک الطاف حسین کی کراچی کے تمام دکانداروں، مارکیٹ انجمنوں سمیت تمام شہریوں سے پرزور اپیل

## مشکوک افراد پر نظر رکھیں اور اگر کوئی فرد مشکوک چیز رکھے تو فوری طور پر اسکی اطلاع 15، مقامی پولیس یا قانون نافذ کرنے والے اداروں کو دیں تاکہ کسی بھی قسم کی تخریبی کارروائی کو بروقت ناکام بنایا جاسکے اور شہریوں کی جانوں کو بچایا جاسکے

## ایم کیو ایم کے کارکنان اور عام شہری بھی اپنے اپنے رہائشی علاقوں کے تحفظ کیلئے نوجوانوں، بزرگوں، علماء کرام، خواتین اور طلبہ پر مشتمل ویجیلنس کمیٹیاں تشکیل دیں اور اپنے علاقوں میں آنے جانے والے مشکوک افراد پر نظر رکھیں

## قائد تحریک الطاف حسین کی رابطہ کمیٹی سے گفتگو۔سانحہ حیدری مارکیٹ میں متعدد افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر اظہار افسوس

لندن۔۔۔18 ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی کے تمام دکانداروں، مارکیٹ انجمنوں سمیت تمام شہریوں سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ دہشت گردی کے خطرات کے پیش نظر اپنے اپنے بازاروں، مارکیٹوں اور علاقوں میں ہنگامی بنیادوں پر چوکیداری سسٹم نافذ کریں۔انہوں نے یہ بات آج نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے حیدری مارکیٹ کے قریب بم دھماکوں کی شدید مذمت کی اور ان واقعات میں متعدد افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ دہشت گرد عناصر ملک خصوصاً کراچی میں دہشت گردی کی بڑی کارروائیاں کرنا چاہتے ہیں، دہشت گردی کی روک تھام کیلئے جہاں حکومت کا فرض ہے کہ وہ شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے مؤثر اقدامات کرے وہیں شہریوں کی بھی ذمہ داری ہے کہ وہ اس سلسلے میں بھرپور تعاون کریں۔ جناب الطاف حسین نے کراچی کے تمام دکانداروں، مارکیٹ انجمنوں، بازاروں کی یونینوں سے اپیل کی کہ وہ اپنے اپنے بازاروں اور تجارتی مراکز میں آج ہی سے سخت چوکیداری سسٹم کا نفاذ کریں، وہاں آنے والے مشکوک افراد پر نظر رکھیں اور اگر کوئی فرد کسی بھی قسم کا بیگ یا کوئی مشکوک چیز رکھے تو فوری طور پر اس کی اطلاع 15، مقامی پولیس یا قانون نافذ کرنے والے اداروں کو دیں تاکہ کسی بھی قسم کی تخریبی کارروائی کو بروقت ناکام بنایا جاسکے اور شہریوں کی جانوں کو بچایا جاسکے۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کے تمام سیکٹروں، یونٹوں کے ذمہ داروں، کارکنوں اور عام شہریوں سے بھی اپیل کی کہ وہ اپنی مدد آپ کے تحت دہشت گردی پر قابو پانے، اپنے اپنے رہائشی علاقوں کے تحفظ اور وہاں کے مکینوں کی جانوں کو بچانے کیلئے

فوری طور پر چوکیداری سسٹم رائج کریں، علاقوں کے نوجوانوں، بزرگوں، علماء کرام، خواتین اورطلبہ پر مشتمل ویجیلنس کمیٹیاں تشکیل دیں اوراپنے علاقوں میں آنے جانے والے مشکوک افراد پرنظر رکھیں۔

## دہشت گردی کے خاتمہ کیلئے مؤثر اقدامات کئے جائیں۔الطاف حسین

### پولیس اورسیکوریٹی فورسزکودہشت گردی پرقابو پانے اورشہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے سائنسی بنیادوں پر منظّم ہونا ہوگا

### دہشت گردی پرقابو پانے کیلئے پولیس کوجدید ہتھیاروں اوردیگروسائل سے لیس کیاجائے ،انہیں جدیدترین گاڑیاں اورتمام ضروری سامان مہیا کیا جائے

### پولیس کوجدید وسائل سے لیس کرنے کیلئے فوری طورپرخصوصی فنڈز جاری کئے جائیں۔الطاف حسین

### گورنر ہاؤس کراچی میں گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد، چیف سیکریٹری راجہ عباس اورآئی جی سندھ فیاض لغاری سے گفتگو

لندن:۔۔۔18،ستمبر2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے وفاقی وصوبائی حکومت سے پرزورمطالبہ کیا ہے کہ دہشت گردی کے خاتمہ کیلئے مؤثر اقدامات کئے جائیں۔انہوں نے یہ بات آج گورنر ہاؤس کراچی میں گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد، چیف سیکریٹری راجہ عباس اورآئی جی سندھ فیاض لغاری سے گفتگوکرتے ہوئے کہی۔انہوں نے حکام سے گفتگوکرتے ہوئے کہا کہ اب پولیس اورسیکوریٹی فورسزکودہشت گردی پرقابو پانے اورشہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے سائنسی بنیادوں پر منظّم ہونا ہوگا۔انہوں نے پولیس کے محکمہ میں وسائل کی کمی پرافسوس کا اظہارکرتے ہوئے صدرآصف زرداری، وزیراعظم راجہ پرویزاشرف اوروفاقی وصوبائی حکومت سے کہا کہ دہشت گردی پرقابو پانے کیلئے پولیس کوجدید ہتھیاروں اوردیگروسائل سے لیس کیاجائے ،انہیں جدیدترین گاڑیاں اورتمام ضروری سامان مہیا کیا جائے اور پولیس کوجدید وسائل سے لیس کرنے کیلئے فوری طور پرخصوصی فنڈز جاری کئے جائیں۔اس موقع پرگورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد، چیف سیکریٹری راجہ عباس اورآئی جی سندھ فیاض لغاری نے جناب الطاف حسین کویقین دلایا کہ وہ دہشت گردی پرقابو پانے اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے اپنی بھرپورصلاحیتوں کوبروئے کارلائیں گے۔

## تافتان سے کوئٹہ جانے والی زائرین کی بس پر بم دھماکے اورفائرنگ کے واقعہ پر جناب الطاف حسین کی شدید مذمت،

### فرقہ وارانہ فسادات کی گھناؤنی سازشوں کا تسلسل ہے،

### بس میں بم دھماکے اورفائرنگ کے واقعہ کا فی الفورنوٹس لیا جائے اورملوث سفاک دہشت گردوں کوگرفتار کرکے سخت سزادی جائے

### بم دھماکے اورفائرنگ کے واقعہ میں متعددافراد کی شہادت اورزخمی ہونے پرالطاف حسین کا اظہارافسوس

لندن۔۔۔18،ستمبر2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے تافتان سے کوئٹہ جانے والی زائرین کی بس پر بم دھماکے اورفائرنگ کی شدید مذمت کی ہے اوراس واقعہ کوملک میں فرقہ وارانہ فسادات کی گھناؤنی سازشوں کا تسلسل قراردیکراتحاد بین المسلمین کونقصان پہنچانے کی مذموم کوشش قراردیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ سفاک دہشت گرد مستقل معصوم اور بے گناہ افراد کی قیمتی جانوں سے کھیل کرملک وقوم کی بقاء وسلامتی داؤ پرلگانے کے درپے ہیں، ایسے دہشگردوں کوفوری طور پرگرفتارکرکے نشان عبرت بنادیا جائے تاکہ آئندہ ایسے واقعات رونما نہ ہوسکیں۔انہوں نے بم دھماکے کے نتیجے میں شہید ہونے والے افراد کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہارکرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور زخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔ جناب الطاف حسین نے صدرمملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم راجہ پرویزاشرف، وفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک، گورنر بلوچستان ذوالفقارمگسی اوروزیراعلیٰ بلوچستان نواب اسلم رئیسانی سے مطالبہ کیا ہے کہ بس میں بم دھماکے اورفائرنگ کے واقعہ کا فی الفورنوٹس لیا جائے اورملوث سفاک دہشت گردوں کوگرفتار کرکے سخت سے سخت سزادی جائے اورایسے واقعات کی روک تھام کیلئے حکومتی وسائل اورذرائع استعمال میں لاکرمعصوم افراد کی جان ومال کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔

## ایم کیوایم کے شہید کنو ینر ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی دوسری برسی برطانیہ میں بھی منائی گئی

## ایم کیوایم یو کے کے زیر اہتمام قرآن خوانی کا اجتماع منعقد کیا گیا، اجتماع میں ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی بیوہ شمائلہ عمران، انکے صاحبزادوں، اراکین رابطہ کمیٹی، ذمہ داروں، کارکنوں اور ہمدردوں کی شرکت

لندن۔۔۔18 ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے شہید کنو ینر ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی دوسری برسی برطانیہ میں بھی منائی گئی۔اس سلسلے میں لندن میں ایم کیوایم یو کے کے زیر اہتمام قرآن خوانی کا اجتماع منعقد کیا گیا جس میں ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی بیوہ شمائلہ عمران، ان کے صاحبزادوں، لندن میں موجود ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، ایم کیوایم یو کے کی سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی، لندن، برمنگھم اور دیگر شہروں سے تعلق رکھنے والے ایم کیوایم کے کارکنوں اور ہمدرد نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے شرکت کی۔قرآن خوانی کے بعد ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی اور شہید رہنما کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا، تحریک کے تمام شہداء کیلئے بھی دعائے مغفرت کی گئی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے بھی دعائیں کی گئیں۔

## سابق ٹاؤن ناظم ڈاکٹر پرویز محمود کے قتل پر رابطہ کمیٹی کا اظہار مذمت ڈاکٹر پرویز محمود کا قتل شہر کا امن خراب کرنے کی سازش ہے

## گورنر سندھ اور وزیر اعلیٰ سندھ سے مطالبہ ڈاکٹر پرویز محمود کے قتل کا فی الفور نوٹس لیا جائے

کراچی۔۔۔18 ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سابق ٹاؤن ناظم ڈاکٹر پرویز محمود کے قتل کی مذمت کی ہے اور واقعہ شہر کا امن خراب کرنے کی سازش قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ڈاکٹر پرویز محمود کے قتل کا فی الفور نوٹس لیا جائے اور واقعہ میں ملوث قاتلوں کو گرفتار کرکے انہیں قانون کے مطابق سزا دی جائے۔رابطہ کمیٹی نے ڈاکٹر پرویز محمود کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کی۔

## جماعت اسلامی کے رہنماؤں کی جانب سے سابق ٹاؤن ناظم پرویز محمود کے قتل میں ایم کیوایم کو ملوث کرنا ایم کیوایم کو بدنام کرنے کی گھناؤنی سازش ہے۔رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ

## پرویز محمود کا قتل کسی گہری سازش کا حصہ ہے جس کا مقصد شہر کے حالات خراب کرنا ہے

## 2009ء میں بھی جماعت اسلامی نے اپنے سرجانی ٹاؤن یوسی ون کے سابق ناظم ساجد نذیر کے قتل کا الزام ایم کیوایم پر تھونپ دیا تھا مگر کچھ عرصہ بعد ثابت ہوگیا کہ ساجد نذیر کے قتل میں حقیقی دہشت گرد ملوث تھے

## جماعت اسلامی نے کراچی میں ہونے والے ہر قتل کا الزام ایم کیوایم پر تھونپ دینا اپنا وطیرہ بنا رکھا ہے تاکہ اسے بدنام کیا جائے

## جماعت اسلامی کا بس چلے تو وہ ملک میں آنے والے سیلاب، طوفانی بارشوں اور زلزلے کی ذمہ داری بھی ایم کیوایم پر ڈال دے

## جماعت اسلامی کی قیادت بالغ النظری اور ہوشمندی کا مظاہرہ کرے اور سیاسی اختلاف کی بنیاد پر بیہودہ اور بیجا الزام تراشیوں سے گریز کرے۔

## پرویز محمود کے قتل کی تحقیقات کرائی جائیں اور قاتلوں کو گرفتار کیا جائے۔رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔ 18 ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے جماعت اسلامی کے رہنماؤں کی جانب سے سابق ٹاؤن ناظم پرویز محمود کے قتل میں ایم کیوایم کو ملوث کرنے کی شدید مذمت کی ہے اور اسے ایم کیوایم کو بدنام کرنے کی گھناؤنی سازش قرار دیا ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قتل کسی کا بھی ہو قابل مذمت ہے، ایم کیوایم پرویز محمود کے قتل کی مذمت کرتی ہے اور سمجھتی ہے کہ پرویز محمود کا قتل کسی گہری سازش کا حصہ ہے جس کا مقصد شہر کے حالات خراب کرنا ہے مگر یہ امر افسوسناک ہے کہ جماعت اسلامی نے کراچی میں ہونے والے ہر قتل

کاالزام ایم کیوایم پرتھونپ دینااپناوطیرہ بنارکھاہے تاکہ ایم کیوایم کوبدنام کیاجائے اوراس کاامیج خراب کیاجائے۔جون 2009ء میں کراچی میں جماعت اسلامی کے سرجانی ٹاؤن کے یوسی ون کے سابق ناظم ساجدنذیرکاقتل ہواتوجماعت اسلامی نے اس وقت بھی اپنی روایت کے تحت بغیرتحقیق وتفتیش اورثبوت وشواہد کے اس قتل کاالزام ایم کیوایم پرتھوپ دیااورساجدنذیرکی لاش کاجلوس وزیراعلیٰ ہاؤس لیجاکرایم کیوایم کے خلاف بیجاالزام تراشیوں کاطوفان کھڑاکردیامگرکچھ عرصہ بعدثابت ہوگیاکہ ساجدنذیرکے قتل سے ایم کیوایم کاکوئی تعلق نہیں بلکہ سرسیدتھانے کی پولیس نے ایک گرفتارجرائم پیشہ شخص کی نشاندہی پرسرجانی ٹاؤن کے علاقے میں چھاپہ مارکرساجدنذیرکے قتل میں ملوث عرفان ڈکیت نامی کرمنل کوگرفتارکیاجس نے تفتیش کے دوران بتایاکہ اس نے ایک حقیقی دہشت گردکے ساتھ ملکرساجدنذیرکوقتل کیاتھا۔اب سابق ٹاؤن ناظم پرویزمحمودکاقتل ہواہےتوجماعت اسلامی نے اپنی روایتی ایم کیوایم دشمنی کے تحت آنکھ بندکرکے اس قتل کاالزام بھی ایم کیوایم کے سرتھوپ دیاہے۔رابطہ کمیٹی نے اس الزام کی شدیدمذمت کرتے ہوئے کہاکہ جماعت اسلامی کابس چلےتووہ ملک میں آنے والے سیلاب،طوفانی بارشوں اورزلزلے کی ذمہ داری بھی ایم کیوایم پرڈال دے۔رابطہ کمیٹی نے کہاکہ ایم کیوایم سے سیاسی ونظریاتی اختلاف رکھناجماعت اسلامی کاحق ہےلیکن جماعت اسلامی کی قیادت کوچاہیےکہ وہ بالغ النظری اورہوشمندی کامظاہرہ کرےاورسیاسی اختلاف کی بنیادپربیہودہ اوربیجاالزام تراشیوں سے گریزکرے۔رابطہ کمیٹی نے ایک بارپھرمطالبہ کیاکہ پرویزمحمودکےقتل کی تحقیقات کرائی جائیں اورقاتلوں کوگرفتارکیاجائے۔

## قومی سانحہ کےمتاثرین کی امدادکیلئے نائن زیروپرقائم امدادی کیمپ کاپانچواں دن

## امدادی کیمپ پرسرکاری ونیم سرکاری اداروں کےمحنت کشوں،مزدوریونینوں کےعہدیداران نے

## بڑی تعدادمیں رابطہ کیااورمتاثرین کیلئے دل کھول کرعطیات جمع کرائے

## نائن زیروپرعطیات دینےوالوں کازبردست ہجوم،مخیّرحضرات،ایم کیوایم کےکارکنان اورخواتین نےبھی قومی سانحہ کےمتاثرین کی امدادکیلئے بڑھ چڑھ کرحصہ لیا

## ایم کیوایم کسی بھی سانحہ،،سیلاب اورحادثات میں دکھی انسانیت کی خدمت کےعمل سےکوتاہی نہیں کرسکتی،رابطہ کمیٹی اراکین

کراچی۔۔۔18،ستمبر2012ء

بلدیہ ٹاؤن کی فیکٹری میں آتشزدگی کے المناک قومی سانحہ کے متاثرین کی امدادکیلئے ایم کیوایم کے مرکزنائن زیروعزیزآبادپرقائم امدادی کیمپ پانچویں روزبھی جاری رہا۔امدادی کیمپ میں پانچویں روزمختلف سرکاری اورنیم سرکاری اداروں کےمحنت کشوں اورمزدوریونین کےعہدیداران نے بڑی تعدادمیں رابطہ کیااورقومی سانحہ کےمتاثرین کیلئے دل کھول کرنقدعطیات جمع کرائے۔امدادی کیمپ میں محنت کشوں اورمزدوریونین کےعہدیداران کےعلاوہ مخیّرحضرات،ایم کیوایم کےکارکنان اورخواتین نےبھی بڑی تعدادمیں پہنچ کرقومی سانحہ کےمتاثرین کی امدادمیں بڑھ چڑھ کرحصہ لیاجس کے باعث نائن زیرواوراس کےاطراف کی گلیوں میں عطیات دینے والے افرادکاایک ہجوم دکھائی دیاجس میں خواتین کی تعدادبھی نمایاں تھی۔امدادی کیمپ پرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کےاراکین افتخاراکبررندھاوا،کیف الوریٰ اورسیدشاکرنے عطیات وصول کئے اورعطیات دینے کیلئے آنے والے افرادکاشکریہ اداکرتے ہوئے ان کےانسانی خدمت کے جذبےکوسراہا۔اس موقع پرعطیات دینے کیلئے آنے والے افرادنے اپنے جذبات کااظہارکرتے ہوئے کہاکہ ہم قومی سانحہ کےمتاثرین کادکھ اوردردباٹناچاہتے ہیں اورنائن زیروپرامدادی کیمپ میں اپنی حیثیت کےمطابق عطیات دیکرہمارے قلب کوسکون حاصل ہواہے۔ان کاکہناتھاکہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پرایم کیوایم کے کارکنان نے قومی سانحہ کےمتاثرین کیلئے جس جذبےاورذمہ داری سےاپنی خدمات انجام دی ہیں وہ قابل تقلیداقدام ہے۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کےاراکین نے عطیات جمع کرانے والے افرادکےجذبات کوسراہااورکہاکہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نےمصیبت زدہ اورپریشان حال افرادکی بلاتفریق خدمت کادرس دیاہےاورایم کیوایم کسی بھی سانحہ،،سیلاب اورحادثات میں دکھی انسانیت کی خدمت کےعمل سےکوتاہی نہیں کرسکتی کیونکہ دکھی انسانیت کی بےلوث اوربلاتفریق خدمت ہی ایم کیوایم کاشعارہے۔

## سندھ تنظیمی کمیٹی کےرکن ظفرخان کےبہنوئی کےانتقال پررابطہ کمیٹی کااظہارتعزیت

کراچی۔۔۔18،ستمبر2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم سندھ تنظیمی کمیٹی کےرکن ظفرخان کےبہنوئی محمدعثمان کےانتقال پرگہرےدکھ اورافسوس کااظہارکیاہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کےتمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہارکرتے ہوئے دعاکی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کوجنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل عطاکرے۔(آمین)

## رابطہ کمیٹی کے ارکان وسیم آفتاب، ڈاکٹر صغیر احمد اور واسع جلیل نے حیدری مارکیت نارتھ ناظم آباد کا دورہ

## بوہری کمیونٹی کے رہنماؤں سے ملاقات، بم دھماکوں میں بے گناہ افراد کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا

کراچی:۔۔۔18، ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان وسیم آفتاب، ڈاکٹر صغیر احمد اور واسع جلیل نے حیدری مارکیت نارتھ ناظم آباد کا دورہ کر کے بوہری کمیونٹی کے رہنماؤں سے ملاقات کی اور بم دھماکوں میں بے گناہ افراد کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔اس موقع پر حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی شیخ صلاح الدین، ریحان ظفر، محترمہ شہناز سیف الدین اور ایم کیوایم مقامی عہدیداران بھی انکے ہمراہ تھے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے بوہری کمیونٹی کے رہنماؤں سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے بم دھماکوں کو کھلی دہشت گردی اور شہر کا امن غارت کرنے کا سازش قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں ایم کیوایم کے کارکنان بوہری کمیونٹی کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے حیدری مارکیٹ میں بم دھماکوں کے نتیجے میں جاں بحق ہونیوالے افراد کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا بھی کی۔

## گستاخانہ فلم سے مسلم امہ کے مذہبی جذبات مجروح کرنے کے عمل کو اقوام متحدہ میں باقائدہ مسلمانوں کے کیس کے طور پر پیش کیا جائے، علامہ عباس کمیلی

## پوری دنیا کے مسلمان اتحاد بین المسلمین کا اعلیٰ مظاہرہ کرتے ہوئے نبی کریم ﷺ کے لئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کردیں گے لیکن امریکہ کے شرمناک اور ناپاک عزائم کو کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دینگے

## متحدہ بین المسلمین فورم کے نائب صدور، سیکریٹری جنرل، رابطہ سیکریٹری اور اراکین کے ہمراہ کراچی پریس کلب میں پریس کانفرنس

کراچی۔۔۔18، ستمبر 2012ء

متحدہ بین المسلمین فورم کے سینئر نائب صدر علامہ عباس کمیلی نے کہا ہے کہ گزشتہ دنوں امریکہ میں آنحضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی شان میں نہایت گستاخانہ اور شرانگیز فلم کے باعث پوری دنیا میں مسلم امہ کے جس طریقے سے مذہبی جذبات مجروح ہوئے ہیں اسے اقوام متحدہ میں باقاعدہ مسلمانوں کے کیس کے طور پر پیش کیا جائے۔انہوں نے امریکہ کو متنبہ کرتے ہوئے کہا کہ پوری دنیا کے مسلمان اتحاد بین المسلمین کا اعلیٰ مظاہرہ کرتے ہوئے نبی کریم ﷺ کے لئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کردیں گے لیکن امریکہ کے اس شرمناک اور ناپاک عزائم کو کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دینگے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کے روز کراچی پریس کلب میں متحدہ بین المسلمین کے نائب صدور مولانا سد دیو بندی، امیر عبداللہ فاروقی، علی کرار نقوی، مفتی عبدالرزاق، سلمان مصطفیٰ، سیکریٹری جنرل مولانا شاہ فیروز الدین رحمانی اور رابطہ سیکریٹری مولانا ناصر یامین کے ہمراہ پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔علامہ عباس کملی نے کہا کہ گستاخانہ فلم کے خلاف اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل اور او آئی سی کے چیئرمین کو بھی اپنا کردار ادا کرنا چاہئے اور توہین رسالتؐ پر مشتمل فلموں اور خاکوں کا مستقبل بنیادوں پر سدباب کیا جانا چاہئے تاکہ مسلمانوں کے جذبات بڑھا کر عالمی امن کو تباہ کرنے کی سازش کو ناکام بنایا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ بین المسلمین فورم کا قیام چند روز قبل ہی ہوا ہے، اس کے قیام میں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی کوششیں کارفرما ہی ہے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی کاوششوں سے ہی ملک میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی، مذہبی رواداری، پیار ومحبت، امن وآشتی اور تمام مذاہب وعقائد کا احترام پروان چڑھ رہا ہے اور یہی وجہ ہے کہ آج متحدہ بین المسمین فورم میں تمام فقہ سے تعلق رکھنے والے علماء ومشائخ عظام شامل ہیں انہوں نے کہا کہ گزشتہ دنوں امریکہ میں نہایت گستاخانہ اور شرانگیز فلم میں عظیم پیغمبر حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کا سراسر جھوٹا، انتہائی منفی اور قطعی غلط امیج پیش کیا گیا ہے جو مسلمانوں کیلئے قطعی طور پر ناقابل قبول اور ناقابل برداشت ہے، یہی وجہ ہے کہ اس بیہودہ اور شرانگیز فلم کی وجہ سے پوری دنیا میں بسنے والے مسلمانوں کی جانب سے شدید احتجاج اور غم وغصہ کا اظہار کیا جارہا ہے۔یہ شرمناک عمل اقوام متحدہ اور عالمی اصول وضوابط کے خلاف ہے اور عظیم پیغمبر کے بارے میں گستاخانہ فلم کے ذریعے دنیا بھر کے مسلمانوں کے جذبات کو بھڑکا کر عالمی امن کو خراب کرنے کی سازش کی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے نتائج کی پرواہ کے بغیر سب سے پہلے اس گستاخانہ اور شرمناک عمل پر شدید مذمت کا اظہار کیاا اور مریکہ کے صدر بارک اوباما، وزیر خارجہ ہلیری کلنٹن اور اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل بان کی مون اور اسلامی ممالک کی تنظیم او آئی سی کے سکریٹری جنرل اکمال الدین احسانوگلو کو ہنگامی ٹیلیگرام بھیجے۔انہوں نے کہا کہ امریکہ سمیت دیگر ممالک کی جانب سے رسول اکرم ﷺ کی شان میں مسلسل گستاخانہ اور شرمناک وبیہودہ عمل ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت کئے جاتے ہیں تاکہ پوری دنیا کے مسلمانوں کی نہ صرف دل آزاری ہو اور ان کے جذبات کو بھڑکایا جائے بلکہ جب مسلمان اس گھاؤنے عمل پر احتجاج کریں اور اپنے غم وغصے کا اظہار کریں تو پوری دنیا میں دین اسلام کو بدنام کیا جاسکے۔متحدہ بین المسلمین فورم مذہبی رواداری، بین المذاہب اور عقائد کے احترام اور عالمی امن پر کامل یقین رکھتی ہے اور سمجھتی ہے کہ عالمی امن

کیلئے اسلام اور تمام مذاہب کا احترام کیا جائے لہٰذا متحدہ بین المسلمین فورم امریکہ میں رسول اکرم ﷺ کی شان میں گستاخانہ اور بیہودہ فلم کی شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے کیونکہ اس فلم کے ذریعے نبی کریمؐ کی توہین کر کے دنیا بھر کے مسلمانوں کے جذبات کو بھڑکایا گیا ہے جو کہ عالمی امن کو خراب کرنے کی سنگین سازش ہے۔انہوں نے تمام عالمی رہنماؤں سمیت پوری بین الاقوامی برادری سے بھی اپیل کی کہ وہ بھی اس گستاخانہ فلم کی شدید مذمت کریں، اس معاملے میں اپنا اثر رسوخ استعمال کرتے ہوئے اس شرمناک عمل کے مرتکب افراد کو عبرتناک سزا دلوانے میں بھی اپنا کردار ادا کرے۔انہوں نے کہا کہ گستاخانہ فلم سے مسلم امہ کے جذبات کا مجروح ہونا اور ان میں اشتعال انگیزی کا پایا جانا قطعی فطری عمل ہے کیونکہ ایک مسلمان کے لئے ناموس رسالتؐ سے بڑھ کر کوئی بھی چیز عزیز نہیں ہے لیکن ہم پھر بھی یہ کہتے ہیں کہ اس گستاخانہ فلم کے خلاف احتجاجی مظاہروں کو ہر قیمت پر پرامن رکھا جائے اور انہیں پرتشدد نہ بنایا جائے اور اس سنگین مسئلے کو عالمی سطح پر اٹھانے کیلئے تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائی جائیں۔انہوں نے اقوام متحدہ اور امریکی حکومت سے پرزور مطالبہ کیا کہ گستاخانہ فلم کے ذریعے دنیا بھر کے مسلمانوں کو پہنچنے والی شدید ذہنی تکلیف کو محسوس کیا جائے اور اس بیہودہ فلم کا نوٹس لیتے ہوئے اس پر فی الفور پابندی لگائی جائے جو دنیا بھر میں رہنے والے مختلف مذاہب کے ماننے والے انسانوں کے درمیان مذہبی منافرت پیدا کرنے کی سازش ہے لہٰذا ایسے عناصر کے خلاف سخت نوٹس لیا جائے اور انتہائی اقدام اٹھایا جائے۔

☆☆☆☆☆